سات روزہ آن لائن دورہ میراث

مولانا مفتی محمد
00923334456443
دار الافتاء جامعه اشرفیه لاهور
وخطیب جامع مسجد میاں محمد فاضل

دوسری بحث: ورثاء کی پہچان

ورثاء کی تین قسمیں ہیں:

(۱): ذوی الفروض (12)

(۲):عصبات (12)

(۳): ذوی الارحام (4)

ذوی الفروض

ذوی الفروض بارہ ہیں

ان میں سے درج ذیل **چار مرد** ہیں:

(۱): اب (باپ)

(۲): جد صحیح (دادا)

(۳): اخ خیفی (ماں شریک بھائی)/اخ لام

(۴): زوج (شوہر)

ذوی الفروض

ذوی الفروض میں سے درج ذیل **آٹھ عورتیں** ہیں:

(۱): زوجہ (بیوی)

(۲): بنت (بیٹی)

(۳): بنت الابن (پوتی)

(۴): اخت عینی / اخت لاب وام (حقیقی بہن)

(۵): اخت علاتی / اخت لاب (باپ شریک بہن)

(۶): اخت خیفی / اخت لام (ماں شریک بہن)

(۷): ام (والدہ)

(۸): جدہ صحیح (دادی اور نانی)

نوٹ: **زوجین** یعنی میاں بیوی کو **ذوی الفروض سببی** کہتے ہیں اور بقیہ دس کو **ذوی الفروض نسبی** کہتے ہیں۔

قرآن مجید میں مذکور حصے

پہلی قسم (نوع اول)

(۱): نصف (آدھا) 1/2

(۲): ربع (چوتھائی) 1/4

(۳): ثمن (آٹھواں) 1/8

دوسری قسم (نوع اول)

(۴): ثلث (ایک تہائی) 1/3

(۵): ثلثان (دوتہائی) 2/3

(۶): سدس (چھٹا) 1/6

(۱): اب (یعنی باپ) کے احوال

اب (یعنی باپ) کی تین حالتیں ہیں:

(۱): سدس (1/6)

(الف) جب میت کی مذکر اولاد یعنی بیٹا یا پوتا وغیرہ ہو یا
(ب) یا میت کی مذکر اور مؤنث دونوں اولاد ہوں یعنی بیٹا اور بیٹی وغیرہ

---

(۲): سدس (1/6) اور عصبہ

جب میت کی صرف مؤنث اولاد یعنی بیٹی یا پوتی وغیرہ ہو

---

(۳): عصبہ

جب میت کی کوئی اولاد نہ ہو

نوٹ: لفظ "ولد یا اولاد" بیٹے اور بیٹی دونوں کو شامل ہیں اسی طرح ہر وہ بالواسطہ مذکر یا مؤنث اولاد جن کا رشتہ میت کے ساتھ مرد کے ذریعے ہو مثلا پوتا اور پوتی انکو بھی شامل ہیں۔
البتہ جن کا رشتہ میت کے ساتھ کسی عورت کے ذریعے ہو مثلاً نواسہ اور نواسی وہ اس لفظ میں شامل نہیں ہے۔

مثالیں

(1)

میــــــــــــــــــت

اب (باپ) ابن (بیٹا)

سدس (1/6)

(2)

میــــــــــــــــــت

اب (باپ) ابن (بیٹا) بنت (بیٹی)

سدس (1/6)

(3)

میــــــــــــــــــت

اب (باپ) بنت (بیٹی)

سدس + عصبہ

(3)

میــــــــــــــــــت

اب (باپ) زوج (شوہر)

عصبہ

(١): أما الأب فله أحوال ثلٰث

(١) السدس عندالإبن أو إبن الإبن وإن سفل سواء كان معه بنت أم لا

(٢) السدس والتعصيب عندالبنت أوبنت الإبن وإن سفلت

(٣) التعصيب المحض عندعدم الولدو ولدالإبن وإن سفل

جد صحیح یعنی دادا کو کن صورتوں میں وراثت ملتی ھے؟

جد کی دو قسمیں ہیں:

جد صحیح: جس کا میت کے ساتھ رشتہ جوڑنے میں مؤنث کا واسطہ نہ آئے جیسے اب الاب (دادا)

جد فاسد: جس کا میت کے ساتھ رشتہ جوڑنے میں مؤنث کا واسطہ آئے جیسے اب الام (نانا)

دادا کے چار احوال ہیں

(ا): محجوب (محروم) اب (یعنی باپ) اگر موجود ہو تو دادا کو کچھ نہیں ملتا

باپ اگر موجود نہ ہو تو پھر درج ذیل باپ والی تین حالتیں ہی دادا کی ہونگی۔

(ا): سدس (1/6)

(الف) جب میت کی مذکر اولاد یعنی بیٹا یا پوتا وغیرہ ہو یا

(ب) میت کی مذکر اور موئنث دونوں اولاد یعنی بیٹا اور بیٹی وغیرہ دونوں ہوں

---

(۲): سدس (1/6) اور عصبہ جب میت کی صرف موئنث اولاد ہو یعنی بیٹی، پوتی وغیرہ

---

(۳): عصبہ جب میت کی کوئی اولاد نہ ہو

مثالیں

(1)

میـــــــــــــــــــــــــــــــــت

جد (دادا) — مجحوب (محروم)

اب (باپ) — عصبہ

(2)

میـــــــــــــــــــــــــــــــــت

جد (دادا) — سدس (1/6)

ابن (بیٹا) / پوتا

(3)

میـــــــــــــــــــــــــــــــــت

جد (دادا) — سدس (1/6)

ابن (بیٹا)

بنت (بیٹی)

(4)

میـــــــــــــــــــــــــــــــــت

جد (دادا) — سدس + عصبہ

بنت (بیٹی) / پوتی

(5)

میـــــــــــــــــــــــــــــــــت

جد (دادا) — عصبہ

زوج (شوہر)

(١):والجدالصحيح

وهو الذى لاتدخل فى نسبته الى الميت ام وهو كالأب إلافى أربع مسائل:

(١) أم الأب يسقط به لاباجد

(٢) وللام ثلث مابقى عندالأب وثلث الكل عنداجد

(٣) والإخوة والاخوات العينية والعلاتية يسقطون بالأب إتفاقاو باجد عندأبى حنيفة

(٤) واجديسقط بابن المعتق بخلاف الأب فإنه يأخذسدس الولاء معه،

ماں شریک بھائی بہنوں کا وراثت میں حصہ

آنلائن میراث کورس

(۳) اخ خیفی/اخت خیفی/اولاد الام

سدس (1/6)	اگر ماں شریک بھائی یا بہن صرف ایک ہو
ثلث (1/3)	جب ماں شریک بھائی بہن ایک سے زیادہ ہوں
محجوب (محروم)	میت کی اولاد ہو مثلاً بیٹا، بیٹی، پوتا، پوتی وغیرہ یا باپ، دادا وغیرہ میں سے کوئی ہو

نوٹ: اگر اولاد الام ایک سے زیادہ ہوں تو ثلث (1/3) سب میں برابر تقسیم ہوگا

آنلائن میراث کورس

مثالیں

(۱)

میـــــــــــــــــت

اخ خیفی (ماں شریک بھائی)

سدس(1/6)

(۲)

میـــــــــــــــــت

اخت خیفی (ماں شریک بہن)

سدس(1/6)

---

(۳)

میـــــــــــــــــت

اخ خیفی　　اخت خیفی

ثلث(1/3)

(۴)

میـــــــــــــــــت

دو اخ خیفی (دو ماں شریک بھائی)

ثلث(1/3)

---

(۵)

میـــــــــــــــــت

اخ خیفی / اخت خیفی　　ابن / بنت / باپ / دادا

محجوب (محروم)

(۶)

میـــــــــــــــــت

اخ خیفی / اخت خیفی　　پوتا / پوتی

محجوب (محروم)

آنلائن میراث کورس

(عربی میں یاد کرنے کے لئے آسان عبارت)

وأما لأولاد الأم فله أحوال ثلٰث

(۱) السدس للواحد،

(۲) والثلث للإثنين فصاعداً، ذكورهم وإناثهم في القسمة والاستحقاق سواء،

(۳) ويسقطون بالولد و ولد الابن و إن سفل وبالأب والجد بالاتفاق،

آنلائن میراث کورس

شوھر کو وراثت میں کتنا حصہ ملتا ھے؟

زوج (شوہر) کے أحوال

۱- نصف (1/2) آدھا — بیوی کی اولاد نہ ہو

۲- ربع (1/4) چوتھا — بیوی کی اولاد (خواہ اسی شوہر سے یا دوسرے سے) ہو

آنلائن میراث کورس

مثالیں

(۱)

میـــــــــــــــــت

زوج (شوہر) — نصف

اب (باپ) — عصبہ

(۲)

میـــــــــــــــــت

زوج (شوہر) — نصف

جد (دادا) — عصبہ

(۳)

میـــــــــــــــــت

زوج (شوہر) — ربع

بنت (بیٹی)

(۳)

میـــــــــــــــــت

زوج (شوہر) — ربع

بنت الابن (پوتی)

آنلائن میراث کورس

(عربی میں یاد کرنے کے لئے آسان عبارت)

وللزوج حالتان :

(١) النصف عند عدم الولد و ولد الإبن وإن سفل

(٢) والربع عند الولد و ولد الإبن وإن سفل،

آنلائن میراث کورس

بسم اللہ الرحمن الرحیم

بیویوں کو وراثت میں کتنا حصہ ملتا ہے؟

آن لائن
میراث کورس

زوجات (بیویوں) کے حصے

۱- ربع (1/4) چوتھا حصہ — شوہر کی اولاد نہ ہو

۲- ثمن (1/8) آٹھواں حصہ — شوہر کی کوئی اولاد ہو (خواہ اسی بیوی سے ہو یا دوسری سے)

نوٹ: بیوی ایک ہو یا ایک سے زیادہ، ربع اور ثمن میں سب برابر کے شریک ہوں گی۔

آن لائن
میراث کورس

مثالیں

(۱)

میـــــــــــــــت

زوجہ (بیوی) اب (باپ)

ربع (1/4) عصبہ

(۲)

میـــــــــــــــت

دوزوجات (بیویاں) اب (باپ)

ربع (1/4) عصبہ

(۳)

میـــــــــــــــت

زوجہ (بیوی)

بنت / ابن

ثمن (1/8)

(۴)

میـــــــــــــــت

4زوجات (بیویاں) بنت / ابن

ثمن (1/8)

(عربی میں یاد کرنے کے لئے آسان عبارت)

وللزوجات حالتان:

(1) الربع للواحدة فصاعدة عندعدم الولد و ولد الابن وإن سفل،

(2) الثمن عندالولد و ولد الابن وإن سفل-

آنلائن میراث کورس

بسم اللہ الرحمن الرحیم

بیٹی کو وراثت میں کتنا حصہ ملتا ہے؟

بنت (بیٹی) کی تین حالتیں ہیں

۱۔ نصف (1/2) آدھا — جب ایک بیٹی ہو۔

۲۔ ثلثان (2/3) دو تہائی — جب بیٹیاں دو یا دو سے زیادہ ہوں۔

۳۔ عصبہ — اگر بیٹی کے ساتھ بیٹا ہو تو بیٹی عصبہ ہو جائے گی۔

یعنی بیٹے کو دو حصے اور بیٹی کو ایک حصہ دیا جائے گا۔

مثالیں

(۱)

میــــــــــــــــــــت

بیٹی — نصف(1/2)

اب(باپ)

(۲)

میــــــــــــــــــــت

دو بیٹیاں — ثلثان(2/3)

جد(دادا) — سدس + عصبہ

---

(۳)

میــــــــــــــــــــت

بیٹی — عصبہ

بیٹا — عصبہ

آنلائن میراث کورس

وللبنت ثلٰثة أحوال:

(١) النصف للواحدة

(٢) والثلثان للإثنتين فصاعدة

(٣) ومع الابن للذكرمثل حظ الأنثيين